## قوم غور کرے کہ فوجی تنصیبات پر دہشت گردوں کے حملے اور ہندو کمیونٹی کی بھارت روانگی
## کس نادیدہ منصوبہ کی تیاری کا اشارہ کر رہے ہیں؟ الطاف حسین
## سیاسی رہنماء اقتدار کی رسہ کشی کے بجائے ملک وقوم پر منڈلانے والے خطرات کی فکر کریں
## ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کی ملک کے ممتاز کالم نگار اور دانشور حسن نثار سے ٹیلی فون پر گفتگو
## آپ اتنی دور بیٹھ کر پاکستان کی سلامتی وبقاء پر منڈلانے والے خطرات سے پریشان ہیں، حسن نثار
## جن لوگوں کی ناک کے نیچے یہ تمام واقعات رونما ہو رہے ہیں انہیں پاکستان کی فکر کیوں نہیں ہے؟ حسن نثار

لندن:۔۔۔17، اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان کے دانشوروں، کالم نگاروں، سیاسی ومذہبی رہنماؤں اور سماجی شخصیات کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ پاکستان کی اہم فوجی تنصیبات پر تواتر کے ساتھ دہشت گردوں کے حملوں اور ملک میں بسنے والی ہندو کمیونٹی کی بھارت روانگی کے مسلسل واقعات پر غور کریں کہ یہ واقعات کس نادیدہ منصوبہ کی تیاری کا اشارہ کر رہے ہیں؟ یہ بات انہوں نے پاکستان کے ممتاز کالم نگار اور دانشور حسن نثار سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج صوبہ پنجاب کے شہر کامرہ میں منہاس ایئربیس پر دہشت گردوں نے حملہ کیا، اس سے قبل دہشت گرد کراچی میں مہران ایئربیس، جی ایچ کیو، واہ کینٹ فیکٹری، مناواں پولیس سینٹر زاور دیگر اہم تنصیبات پر تواتر کے ساتھ حملے کرتے رہے ہیں جبکہ صوبہ سندھ میں امن وامان کی صورتحال کو جواز بنا کر ہندو برادری کے قافلے بھارت روانہ ہو رہے ہیں اور بھارت میں پناہ حاصل کرنے کی درخواستیں دے رہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے اہم تنصیبات پر حملوں اور ہندو برادری کی بھارت روانگی کے مسلسل واقعات پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سیاسی رہنماؤں سے اپیل کی ہے کہ وہ اقتدار کی رسہ کشی کی فکر کے بجائے ملک وقوم پر منڈلانے والے خطرات کی فکر کریں۔ انہوں نے حسن نثار سمیت پاکستان کے تمام دانشوروں، کالم نگاروں، سیاسی ومذہبی رہنماؤں اور سماجی شخصیات سے کہا کہ وہ پوری قوم کیلئے سوالیہ نشان چھوڑ رہے ہیں کہ قوم اہم قومی وفوجی تنصیبات پر تواتر کے ساتھ دہشت گردوں کے حملوں اور ہندو کمیونٹی کی بھارت روانگی کے مسلسل واقعات پر سنجیدگی سے غور کریں کہ یہ عمل کس کام کی تیاری کا اشارہ دے رہا ہے؟ ممتاز کالم نگار حسن نثار نے جناب الطاف حسین کی تشویش کو قطعی جائز قرار دیتے ہوئے کہا کہ آپ اتنی دور بیٹھ کر پاکستان کی سلامتی وبقاء پر منڈلانے والے خطرات سے پریشان ہیں جبکہ یہ بات میری سمجھ سے بالا ہے کہ جن لوگوں کی ناک کے نیچے یہ تمام واقعات رونما ہو رہے ہیں انہیں پاکستان کی فکر کیوں نہیں ہے۔ آپ نے جس تشویش کا اظہار کیا ہے اس پر زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں کو نہ صرف غور کرنا چاہئے بلکہ پاکستان کی سلامتی وبقاء کو مضبوط بنانے کیلئے اپنا اپنا کردار بھی ادا کرنا چاہئے۔

## سفاری پارک کے قریب بس میں بم دھماکے پر جناب الطاف حسین کا اظہار مذمت

لندن۔۔۔17، اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سفاری پارک کے قریب بس میں بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بم دھماکے کے نتیجے میں ایک شخص کے جاں بحق اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردی اور بم دھماکوں کے ذریعے معصوم اور بے گناہ افراد کی زندگیوں سے کھیلنے والے دہشت گرد درندہ صفت ہیں اور ایسی کارروائیاں کر کے ملک کو عدم استحکام سے دوچار کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے بم دھماکے میں شہید ہونے والے شخص کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم راجہ پرویز اشرف، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ بس میں بم دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، اس میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور دہشت گردوں کے خلاف تمام حکومتی وسائل اور ذرائع استعمال میں لا کر بے گناہ اور معصوم افراد کی جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔

## گلگت، بلتستان بلوچستان اور مختلف شہروں میں باقاعدہ شناخت کرکے فقہ جعفریہ سے تعلق رکھنے والے شہریوں کا قتل ملکی یکجہتی کے خلاف گھناؤنی سازش ہے۔ الطاف حسین

## کسی ایک مخصوص کمیونٹی کو اس طرح نشانہ بنانا نہ صرف انتہائی قابل مذمت ہے بلکہ یہ واقعات ملک کو فرقہ وارانہ فساد، انتشار کی آگ میں جھونکنے کی سنگین سازش ہے

## خونریزی کے ان واقعات کی فوری روک تھام کیلئے کارروائی کی جائے، سفاک قاتلوں دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے

## دہشت گردی کا نشانہ بننے والے عوام سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار۔ عوام فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں

لندن۔۔۔17 اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ گلگت، بلتستان بلوچستان اور مختلف شہروں میں باقاعدہ شناخت کرکے فقہ جعفریہ سے تعلق رکھنے والے شہریوں کا قتل انتہائی قابل مذمت اور ملکی یکجہتی کے خلاف گھناؤنی سازش ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بلوچستان میں ہزارہ کمیونٹی کے لوگوں کو گاڑیوں سے اتار اتار کر باقاعدہ شناخت کرکے ایک مخصوص فقہ سے تعلق کی بنیاد پر ان کو قتل کرنے کے گھناؤنے واقعات ہورہے ہیں اسی طرح گلگت بلتستان میں بھی خونریزی کے واقعات ہورہے ہیں، گزشتہ روز بھی گلگت جانے والے مسافروں کی بس کو بابوسر میں روک کر 25 مسافروں کو باقاعدہ شناخت کرکے فقہ جعفریہ سے تعلق کی بنیاد پر بیدردی سے گولیاں ماریں گئیں۔ اسی بنیاد پر ٹارگٹ کلنگ کے واقعات دیگر شہروں میں بھی ہورہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ کسی ایک مخصوص کمیونٹی کو اس طرح نشانہ بنانا نہ صرف انتہائی قابل مذمت ہے بلکہ یہ واقعات ملک کو فرقہ وارانہ فساد، انتشار کی آگ میں جھونکنے کی سنگین سازش ہے جس سے ملکی یکجہتی کو شدید نقصان پہنچ سکتا ہے۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ خونریزی کے ان واقعات کی فوری روک تھام کیلئے کارروائی کی جائے، ان میں ملوث سفاک قاتلوں دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے۔ جناب الطاف حسین نے دہشت گردی کے ان واقعات کا نشانہ بننے والے عوام سے بھی دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ فرقہ وارانہ فسادات کی ہر سازش کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں۔

## اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن سید فرحان احمد گیلانی اور لیاقت آباد سیکٹر کے ہمدرد مشہود احمد (دانش) کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔17، اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اورنگی ٹاؤن میں ایم کیو ایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 120 کے کارکن سید فرحان احمد گیلانی کی ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے شہادت اور ایم کیو ایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 164 کے ہمدرد مشہود احمد (دانش) کے گینگ وار کے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں اغواء کے بعد بہیمانہ قتل پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے سید فرحان احمد گیلانی اور مشہود احمد (دانش) کی شہادت پر سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سید فرحان احمد گیلانی شہید اور مشہود احمد (دانش) شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیو ایم کے کارکنان کے تسلسل کے ساتھ قتل کے واقعات شہر کا امن خراب کرنے کی گھناؤنی سازش ہے، رابطہ کمیٹی

## ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے جواں سالہ کارکن عدیل گل کی شہادت پر رابطہ کمیٹی کا اظہار مذمت

کراچی:۔۔۔17، اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ B-134 کے جواں سال کارکن عدیل گل ولد محمد اصغر کو موٹر سائیکل سوار مسلح دہشت گردوں کی جانب سے اندھادھند فائرنگ کرکے شہید کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے شہر کے حالات خراب کرنے کی گھاؤنی سازش قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عیدالفطر سے قبل ایم کیو ایم کے کارکنان و ہمدردوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے کے واقعات میں اچانک اضافہ شہر کا امن خراب کرنے کی گھاؤنی سازش کا حصہ ہے۔ رابطہ کمیٹی

نے کہا کہ ایک جانب دہشت گرد شہر میں ایم کیوایم کے کارکنان کو سرعام دہشت گردی کا نشانہ بنا رہے ہیں جو ملک بھر خصوصاً کراچی کے پرامن شہریوں کیلئے لمحہ فکریہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ۔رابطہ کمیٹی نے دہشت گردی کا شکار ہونیوالے نارتھ ناظم آباد سیکٹر کے کارکن عدیل گل کے سوگوار لواحقین سے تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عدیل گل شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے ۔رابطہ کمیٹی نے صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان راجہ پرویز اشرف، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹرعشرت العباداور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں ایم کیوایم کے کارکنان کے تسلسل کے ساتھ قتل کے واقعات کا نوٹس لیا جائے اور عدیل گل سمیت تمام کارکنان کی شہادتوں میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق سزا دی جائے ۔

## ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن کے کارکن سید فرحان احمد گیلانی کی شہادت اور ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے ہمدرد مشہود احمد (دانش) کے گینگ وار کے دہشت گردوں کے ہاتھوں اغواء کے بعد بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے ،رابطہ کمیٹی

## شہر میں ڈکیت گروہوں اور جرائم پیشہ گینگ وار کے دہشت گردوں کی بڑھتی ہوئی کارروائیوں سے عوام جان و مال کے عدم تحفظ کا شکار ہوکر رہ گئے ہیں

کراچی ۔۔۔17، اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 120 کے کارکن سید فرحان احمد گیلانی کی ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے شہادت اور ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 164 کے ہمدرد مشہود احمد (دانش) کے گینگ وار کے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں اغواء کے بعد سفاکانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شہر میں ڈکیت گروہوں اور جرائم پیشہ گینگ وار کے دہشت گردوں کی بڑھتی ہوئی کارروائیوں کے باعث عوام کی جان و مال عدم تحفظ کا شکار ہوکر رہ گئی ہے جبکہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کے ذمہ دار متعلقہ ادارے ڈکیت گروہوں اور جرائم پیشہ گینگ وار کے دہشت گردوں کے آگے بے بس دکھائی دیتے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے ۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے کارکن سید فرحان احمد گیلانی شہید اور ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے ہمدرد مشہود احمد (دانش) شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم راجہ پرویز اشرف، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ اورنگی ٹاؤن میں ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن سید فرحان احمد گیلانی شہادت اور ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر کے ہمدرد مشہود احمد (دانش) کے گینگ وار کے دہشت گردوں کے ہاتھوں اغواء کے بعد بہیمانہ طریقے سے قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کرکے سخت سے سخت ترین سزا دی جائے ۔

## خیبر پختونخواہ، گلگت میں مسافر بسوں کے مسافروں کو فائرنگ کرکے بیدردی سے شہید و زخمی کرنے اور سفاری پارک کے قریب مسافر بس پر بم دھماکے واقعات فرقہ وارانہ فسادات کی گھناونی سازش ہیں، رابطہ کمیٹی

## بسوں پر فائرنگ اور بم دھماکے کے واقعات میں ملوث دہشت گرد مذموم عزائم رکھتے ہیں اور اتحاد بین المسلمین کی فضاء کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں

## منظّم سازشی منصوبے کے تحت مسلسل فرقہ واریت کی بنیاد پر معصوم و بے گناہ افراد کو خاک و خون میں نہلایا جارہا ہے

## تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام اور عوام کسی بھی اشتعال انگیز واقعہ پر صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اور ماضی کی طرح اتحاد کا بھرپور مظاہرہ کرکے فرقہ وارانہ فسادات کی گھناؤنی سازش کو ناکام بنادیں

کراچی ۔۔۔17، اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے صوبہ خیبر پختونخواہ، گلگت میں مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں تین مسافر بسوں کے مسافروں کو بیدردی سے فائرنگ کرکے شہید کرنے اور کراچی میں سفارک پارک کے قریب ایک بس میں دھماکہ کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور ان واقعات کو فرقہ وارانہ فسادات کرانے کی گھناؤنی سازش قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ روز مسافر بسوں سے مسافروں کو اتار کر بیدردی سے فائرنگ کرکے شہید کردیا گیا اور آج کراچی میں سفاری پارک پر ایک بس کو نشانہ بنایا

گیا جو ایک منظّم سازش کا حصہ ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ فرقہ واریت کی بنیاد پر قتل و غارتگری کھلی دہشت گردی ہے اور اس میں ملوث سفاک دہشت گرد نہ صرف مذموم عزائم رکھتے ہیں بلکہ فرقہ واریت کی بنیاد پر دہشت گردی کرکے اتحاد بین المسلمین کی فضا کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں شہید ہونے والے تمام افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور زخمیوں کو جلد و مکمل صحت یابی عطا کرے۔رابطہ کمیٹی نے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام اور عوام سے اپیل کی کہ وہ کسی بھی اشتعال انگیز واقعہ پر صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اور ماضی کی طرح اتحاد کا بھرپور مظاہرہ کرکے فرقہ وارانہ فسادات کی گھناؤنی سازش کو ناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم راجہ پرویز اشرف، وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک، وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ امیر حیدر خان ہوتی، وزیراعلیٰ گلگت بلتستان سید مہدی شاہ سے، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ خیبر پختونخواہ، گلگت میں معصوم و بے گناہ افراد کے بہیمانہ قتل اور کراچی میں سفاری پارک کے قریب بس میں بم دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔

## ایم کیو ایم برطانیہ کی ڈاکٹر عشرت العباد کو نشان امتیاز ملنے پر مبارکباد

لندن۔۔۔17اگست 2012ء

ایم کیو ایم برطانیہ کے آرگنائزر اور اراکین آرگنائزنگ کمیٹی نے ملک خصوصاً صوبہ سندھ کے لئے نمایاں خدمات انجام دینے پر گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کو نشان امتیاز ملنے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ آج گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کو ملنے والا اعزاز دراصل قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیم و تربیت اور رہنمائی کا نتیجہ ہے کہ ڈاکٹر عشرت العباد نے قائد تحریک کے فکر و فلسفہ پر عمل کرتے ہوئے صوبہ بھر کے عوام کی رات دن بلاتفریق خدمت کی جس کے اعتراف میں انہیں صدر مملکت کی جانب سے ملک کا سب سے بڑا سول اعزاز نشان امتیاز دیا گیا۔خوشی کے اس موقع پر ایم کیو ایم برطانیہ کے تمام ذمہ داران و کارکنان قائد تحریک جناب الطاف حسین اور گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کو مبارکباد پیش کرتے ہیں اور اس یقین کا اظہار کرتے ہیں کہ حق پرست نمائندے اسی طرح عوام کی بلا امتیاز خدمت کرکے تحریک اور ملک کا نام روشن کرتے رہیں گے۔

## ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والے شہر کراچی کے حالات ایک منظّم سازش کے تحت خراب کئے جارہے ہیں، نثار پنہور
## کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام سرجانی ٹاؤن میں معززین کے اعزاز میں افطار ڈنر کے شرکاء سے اظہار خیال

کراچی۔۔۔16،اگست،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ (پاکستان) کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام سرجانی ٹاؤن مین معززین کے اعزاز میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا جس میں حق پرست صوبائی وزیر نثار احمد پنہور، حق پرست رکن سندھ اسمبلی عادل خان، جوائنٹ انچارج اور اراکین کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی، یونٹ کے ذمہ داران اور علاقہ میں رہائش پذیر سندھی، بلوچی، کچھی اور دیگر برادریوں سے تعلق رکھنے والے معززین نے شرکت کی۔اس موقع پر صوبائی وزیر نثار پنہور نے شرکاء سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی سلامتی پر کسی مفاد کو ہرگز ترجیح نہیں دینی چاہیے، آج ملک کے ادارے محاز آرائی کا شکار ہورہے ہیں جبکہ ملک شدید بحران کی صورتحال سے گزررہا ہے اس صورتحال میں تمام سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کو آپس کے اختلافات کو بھلا کر اتفاق رائے پیدا کرنے کے ساتھ ملکی وحدانیت کی خاطر متحد و منظّم ہونا ہوگا۔ملک کے ساتھ ساتھ کراچی کے حالات بھی انتہائی تشویشناک ہیں، ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت کراچی کے حالات خراب کئے جارہے ہیں تاکہ کراچی جو ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اسے جرائم پیشہ اور ملک دشمن عناصر کے حوالے کرکے یہاں کا امن وسکون غارت کردیا جائے۔بھتہ خوری، اغواء برائے تاوان اور دیگر جرائم کی وارداتوں پر کسی طور کنٹرول کرنے کی کوشش نہیں کی جارہی جسکے سبب تاجر برادری سمیت شہری شدید پریشانیوں کا شکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ ہم سر جوڑ کر بیٹھیں اور ملک و قوم کی بقاو سلامتی کی خاطر حقیقت پسندانہ حکمت عملی اختیار کرتے ہوئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تجویز کردہ گول میز کانفرنس کا انعقاد ممکن بنائیں جس میں ملک بھر کی تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں نیک نیتی اور اخلاص کے ساتھ ملک و قوم کو درپیش بحرانوں سے مکمل نجات کیلئے سنجیدہ اقدامات کرتے ہوئے ملک و قوم کو خطرات سے بچانے کی عملی کوشش کریں۔افطار ڈنر سے رکن سندھ اسمبلی عادل خان نے بھی اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم دکھی انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن ملک بھر میں عوامی خدمت کے دائرے کار کو وسیع کررہا ہے۔افطار ڈنر سے دیگر مقررین نے بھی اظہار کیا۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیرڈاکٹرصغیراحمد کی معروف صحافی ،ممتاز دانشوراورسینئر کالم نگاراحمدالطاف کے سوگواراہلخانہ سے ملاقات ،قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مرحوم کے انتقال پرسوگواراہلخانہ سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا

کراچی:۔۔۔16،اگست،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیرصوبائی ڈاکٹرصغیراحمد نے معروف صحافی ،ممتاز دنشوارااورسینئر کالم نگاراحمدالطاف کی رہائش گاہ جاکرسوارااہلخانہ سے ملاقات کی اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب مرحوم کے انتقال پردلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے مرحوم کوزبردست خراج عقیدت بھی پیش کیا۔بعدازاں نہوں نے مرحوم کے درجات کی بلندی اورسوگواران کیلئے صبرجمیل کی دعا بھی۔اس موقع پرایم کیوایم شعبہ نشرواشاعت کمیٹی کے رکن امین الحق بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم کے سوگوارکارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِتعزیت

کراچی:۔۔۔۔17،اگست2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اسکیم 33 معمارسیکٹریونٹ B-33 کے کارکن عاصم عباسی کے صاحبزادے آفتاب الدین عباسی،کورنگی سیکٹریونٹ 71 کے کارکن محمد یونس کے صاحبزادے محمد ندیم ،نیوکراچی سیکٹریونٹ 135/A یونٹ انچارج شکیل احمد کی والدہ محترمہ سیدہ بلقیس فاطمہ،اورایم کیوایم گھوٹکی زون یونٹ اوباڑو کے کارکن خورشیدعلی شاہ کے بھائی سیدمحمدعلی شاہ کے انتقال پرافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم نارتھ ناظم آبادسیکٹر کے کارکن عدیل گل کی شہادت پرجناب الطاف حسین کا اظہارِافسوس

لندن:۔۔۔۔17،اگست2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم نارتھ ناظم آبادسیکٹر کے جواں سال کارکن عدیل گل کی شہادت پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے عدیل گل شہید کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورکہا کہ دکھ اورافسوس کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عدیل گل شہید کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگوارلواحقین کوصبرجمیل عطافرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆